بصیرت افروز اور پُر از معلومات ہے اور اس کا مطالعہ بے شبہ فائدہ کا باعث ہوگا۔ لیکن چونکہ فاضل مصنف کے بعض مقالات ایسے بھی شامل کر دیئے گئے جو وقتی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے کسی جلسہ میں پڑھنے کے لئے لکھے گئے تھے۔ اس بنا پر کتاب میں بحیثیتِ مجموعی وہ یکسانیت اور نظم و ترتیب نہیں ہے جو ایک سنجیدہ اور ٹھوس علمی کتاب کے لئے ضروری ہے امید ہے ڈاکٹر صاحب ان پر نظر ثانی فرما کر اس خامی کو دور کر دیں گے۔

حکومتِ الٰہیہ کے قیام کی دعوت | تقطیع خورد ضخامت ۱۶ صفحات کتابت و طباعت متوسط قیمت ۳ ر پتہ:- ادارۂ دعوت الحق بیگم بازار کوچہ گھانس منڈی حیدر آباد دکن

یہ دراصل ایک مختصر سا خطبہ ہے جو مولانا سید سلیمان صاحب ندوی نے کسی جلسہ میں پڑھا تھا اور بعد میں مختلف رسائل میں شائع ہوا اس میں مولانا نے سورۂ فاتحہ کو بنیاد قرار دیکر یہ بتایا ہے کہ قرآن مجید کے بیان کے مطابق قوم ضال اور مغضوب علیہم کون لوگ ہیں اور ان کے خصوصیات کیا ہیں پھر یہ کہ مسلمان کی خصوصیات کیا ہیں اور اسے کیسا ہونا چاہیئے۔ اس سلسلہ میں فاضل خطیب نے دعوت دی ہے کہ مسلمانوں کی اجتماعی جدوجہد کا نقطۂ مقصود کسی باطل کی حمایت نہیں بلکہ دنیا میں الٰہی قوانین کا نفاذ ہونا چاہیئے۔ لیکن یہ نفاذ کیونکر ہو؟ اور خود مسلمانوں کو ان قوانین کا پابند کیونکر بنایا جا سکتا ہے؟ بہتر ہوتا کہ ان پر بھی روشنی ڈالی جاتی۔ کیونکہ جہاں تک اصل مقصد کا تعلق ہے کوئی مسلمان بحیثیت مسلمان اس سے انکار نہیں کر سکتا۔ اختلاف جو کچھ بھی ہے طریق کار میں ہے۔

رسالوں کے خاص نمبر

شاعر کا افسانہ نمبر | مرتبہ جناب اعجاز صدیقی ضخامت ۱۶۸ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ پتہ۔ دفتر رسالہ شاعر آگرہ۔

یہ آگرہ کے مشہور اور پرانے ادبی رسالہ شاعر کا خاص نمبر ہے لیکن اس میں جدت یہ کی گئی ہے کہ تمام افسانے خواتین کے قلم کے لکھے ہوئے ہیں۔ یہ افسانے جن میں بعض منظوم بھی ہیں گنتی میں ۲۹ ہیں اور ان کے بیک وقت مطالعہ سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ چند برسوں میں ہی ہماری